جب تم میں سے کوئی نماز ادا کرے، تو وہ اپنی نماز کے لیے سترہ رکھ لے؛ اگرچہ تیر ہی سہی

سبرہ بن معبد جہنی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ”جب تم میں سے کوئی نماز ادا کرے، تو اپنی نماز کے لیے سترہ رکھ لے؛ اگرچہ تیر ہی سہی“۔

[صحیح] [اسے امام احمد نے روایت کیا ہے]

حدیث شریف سے معلوم ہوتا ہے کہ نمازی کے لیے اپنے سامنے سترہ رکھنا مستحب ہے اور سترہ ہر اس چیز کو بنایا جا سکتا ہے، جسے نمازی اپنے سامنے نصب کر سکے؛ اگرچہ وہ تیر کی جیسی چھوٹی یا باریک چیز ہی کیوں نہ ہو یہ شریعت کی آسانی دریا دلی کے مظاہر میں سے ایک مظہر ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/10869